# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 12 July-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۲/جولائی ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

## :::::: سرخیاں ::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ ملک بھر میں آج 16ویں روزگار میلے کا کیا جائے گا انعقاد؛ 51 ہزار سے زائد نوجوانوں میں وزیرِ اعظم کے ہاتھوں تقرری خطوط کیے جائیں گے تقسیم۔

☆ ریاست بھر میں تین ہزار 367 مذہبی مقامات سے ہٹائے گئے لاؤڈ اسپیکر؛ وزیرِ اعلیٰ نے لاؤڈ اسپیکر فری ممبئی کا کیا اعلان۔

☆ میونسپل کارپوریشن انتخابات کیلئے دیگر تیاریوں کے ساتھ EVM تیار رکھنے کی الیکشن کمشنر کی ہدایت۔

☆ منفرد عالمگیر قدر کے طور پر شیواجی مہاراج کے 12 قلعے یونیسکو کی فہرست میں شامل۔

اور۔۔۔☆ لارڈز میں کھیلے جارہے ٹسٹ کرکٹ کی پہلی اننگ میں بھارت 242 رنوں سے پیچھے۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

ملک بھر میں آج 16 ویں روزگار میلے کا انعقاد کیا جائے گا۔ ریلوے، داخلہ، صحت و خاندانی بہبود، ڈاک اور محنت و روزگار کے محکموں میں نئے تقرر کردہ 51 ہزار سے زائد نوجوانوں کو آج وزیرِ اعظم نریندر مودی ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے تقرری خطوط تقسیم کریں گے۔ یہ روزگار میلہ ناگپور اور ممبئی سمیت ملک بھر میں 47 مقامات پر منعقد کیا جائے گا۔ گذشتہ 15 روزگار میلوں کے ذریعے اب تک 10 لاکھ سے زیادہ تقرری خطوط تقسیم کیے جاچکے ہیں۔

***** ***** *****

ریاست بھر کے تین ہزار 367 مذہبی مقامات سے اب تک لاؤڈ اسپیکر ہٹائے گئے ہیں۔ وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کل اسمبلی میں بحث کے دوران یہ اطلاع دی۔ وزیرِ اعلیٰ نے بتایا کہ اب تک ریاست بھر میں تین ہزار 367 مذہبی مقامات سے لاؤڈ اسپیکرس ہٹائے گئے ہیں۔ ان میں ممبئی کے ایک ہزار 608 مذہبی مقامات شامل ہیں، جن میں مساجد، منادر، گرجا گھر، گرودوارے اور دیگر مذہبی مقامات شامل ہیں۔ وزیرِ اعلیٰ نے بتایا کہ آج ممبئی میں ایک بھی مذہبی مقام پر لاؤڈ اسپیکر لگایا ہوا نہیں ہے۔ انھوں نے بتایا کہ اس تعلق سے ممبئی عدالتِ عالیہ میں رپورٹ پیش کی گئی ہے۔ وزیرِ اعلیٰ نے زور دیکر کہا کہ اگر ان مذہبی مقامات پر دوبارہ لاؤڈ اسپیکر لگائے گئے تو متعلقہ پولس اسٹیشن کا افسر ذمہ دار ٹھہرایا جائے گا۔ پھڑنویس نے یہ بھی بتایا کہ شرڈی اور پنڈھرپور کی طرح شنی شنگناپور کے مذہبی مقام کیلئے ریاستی حکومت مندر کمیٹی کی تشکیل پر غور کررہی ہے۔

وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے مذہب تبدیل کرنے کے باوجود ریزرویشن کا فائدہ اٹھانے والوں کے خلاف کارروائی کرنے کا انتباہ دیا ہے۔ رکنِ اسمبلی گوپی چند پڈلکر نے اس خصوص میں تجویز پیش کی تھی۔

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ پھڑنویس نے اعلان کیا ہے کہ زرعی پیداوار کی بار برداری کو آسان بنانے کیلئے آئندہ پانچ برسوں میں ریاست کے تمام کھیت راستوں کو درست کیا جائے گا اور اس کیلئے وزیرِ محصول چندر شیکھر باون کڑے کی صدارت میں ایک کمیٹی کی تشکیل کی جائے گی۔ وزیرِ اعلیٰ نے بتایا کہ یہ کمیٹی مہینے بھر میں ریاست کے کھیت راستوں کو مضبوط بنانے کی خاطر سفارشات پیش کرے گی۔

***** ***** *****

گیورائی کے رکنِ اسمبلی وجئے سنگھ پنڈت نے دھولیہ- شولا پور اور کلیان- وشا کھا پٹنم شاہراہوں پر سڑک حادثات میں ہونے والی اموات سے متعلق قابلِ توجہ سفارشات پیش کی ہے۔ تعمیراتِ عامہ کے ریاستی وزیر شیویندر سنگھ راجے بھوسلے نے اس پر جواب دیتے ہوئے ایسے ٹھیکیداروں کے خلاف کارروائی کا انتباہ دیا ہے جو مقررہ مدت میں حادثے کے ممکنہ علاقوں کی مرمت مکمل نہیں کرتے۔ اراکینِ اسمبلی سریش دھس اور امت دیشمکھ سمیت دیگر نے اس بحث میں حصہ لیا۔

***** ***** *****

مہاراشٹر خصوصی پبلک سیفٹی بل کل قانون ساز کونسل میں منظور کر لیا گیا۔ داخلہ کے وزیرِ مملکت یوگیش کدم نے یہ بل ایوان میں پیش کیا۔ مہاوِکاس آگھاڑی نے بل کی مخالفت کرتے ہوئے ووٹنگ سے پہلے ایوان سے واک آؤٹ کیا۔ اسی بیچ' ونچت بہوجن آگھاڑی نے اس بل کے خلاف عدالت میں مقدمہ دائر کرنے کا انتباہ دیا ہے۔ آگھاڑی کے قائد ایڈوکیٹ پرکاش امبیڈکر نے تنقید کرتے ہوئے کہا کہ اس بل سے مہاراشٹر میں سماجی انصاف کے تاریخی سفر کو نقصان پہنچے گا۔

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کہا ہے کہ ریاست کے 24 اضلاع میں فی الحال دستیاب طیران گاہوں کی سہولیات کو آنے والے دنوں میں 30 اضلاع تک بڑھایا جائے گا۔ وزیرِ اعلیٰ کل ممبئی میں شہری ہوا بازی کی مرکزی وزارت کے تحت ویسٹرن اینڈ ریجن منسٹرس کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر شہری ہوا بازی کے مرکزی وزیر کے رام موہن نائیڈو نے بتایا کہ ملک میں ہوائی خدمات کے ذریعے کنکٹیویٹی بڑھانے پر زور دیا جا رہا ہے۔

***** ***** *****

چھتیس گڑھ کے نارائن پور ضلع میں کل 22 نکسلیوں نے پولس کے روبرو خود سپردگی کی۔ ان سبھی پر تقریباً 37 لاکھ 50 ہزار روپئوں کے انعامات تھے۔ ضلع پولس سپرنٹنڈنٹ رابنسن گُریا نے یہ اطلاع دی۔ ہتھیار ڈالنے والے نکسلیوں کو فی کس 50 ہزار روپئے امداد کے طور پر دیئے جائیں گے۔ اس کے علاوہ ان کی بازآبادکاری کی خاطر دیگر سہولیات بھی فراہم کی گئیں۔

***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

چھترپتی شیواجی مہاراج کے 12 قلعوں کو یونیسکو کی عالمی ثقافتی فہرست میں ''منفرد عالمگیر قدر'' کے طور پر شامل کیا گیا ہے۔ وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کل ممبئی میں یہ اطلاع دی۔ ان میں رائے گڑھ، راج گڑھ، پرتاپ گڑھ، پنہالہ شیونیری، لوہ گڑھ، سالہیر، سندھو دُرگ، وجئے دُرگ، سورن دُرگ، کھاندیری اور تمل ناڈو کا جنجی قلعہ شامل ہے۔

***** ***** *****

ریاستی انتخابی کمشنر دنیش واگھمارے نے آئندہ بلدیاتی انتخابات کی تیاریوں سمیت ای وی ایم مشینوں کو تیار رکھنے کی ہدایت دی ہے۔ وہ کل ریاست کے ڈویژنل کمشنرز اور میونسپل کمشنرز کے اجلاس سے خطاب کررہے تھے۔ انھوں نے مشورہ دیا کہ ریاست کی تمام 29 میونسپل کارپوریشن کیلئے ضروری سامان کے ساتھ ساتھ اپنی سطح پر افرادی قوت کی دستیابی کو بھی مدِ نظر رکھنا چاہیے۔

***** ***** *****

مراٹھواڑہ ساہتیہ پریشد کے بھگونت دیشمکھ خاندان کے زیرِ اہتمام چار ایوارڈس کا اعلان کیا گیا۔ اس میں چھترپتی سمبھاجی نگر کے شاعر روی کورڈے کے شعری مجموعے ’بھنڈ ریہ ڈونگرا چے دِیوس‘ کیلئے کسم تائی دیشمکھ شعری ایوارڈ کا اعلان کیا گیا۔ اسی طرح شری رام پور کے جگدیش پوار کیلئے کمار دیشمکھ ڈرامہ ایوارڈ ظاہر کیا گیا۔ وہیں شولا پور کے سمیر گائیکواڑ کو گواکش نامی تحریری مجموعے کیلئے بھگونت دیشمکھ خصوصی ادبی انعام دینے کا علان کیا گیا۔ اس موقع پر روی کورڈے نے ایوارڈ کیلئے پریشد کا شکریہ ادا کیا۔

***** ***** *****

ٹینڈولکر - اینڈرسن ٹسٹ کرکٹ سیریز کے تحت لندن کے لارڈز میں تیسرے ٹسٹ کی پہلی اننگ میں بھارت 242 رنوں سے پیچھے ہے۔ کل میچ کے دوسرے دن میزبان ٹیم کی پہلی اننگ کا اختتام ہوا۔ جسپریت بمراہ نے پانچ‘ رویندر جڈیجہ نے ایک جبکہ نتیش کمار ریڈی اور محمد سراج نے دو دو وکٹیں حاصل کیں۔ بھارتی ٹیم شروع میں ڈگمگا گئی۔ سلامی بلّے باز اریشسوی جیسوال 13 ‘ کپتان شبھمن گل 16 اور کرون نائیر 40 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئے۔ کل جب کھیل روکا گیا تو بھارتی ٹیم 145 رنز بنا چکی تھی۔ کے ایل راہل 53 اور نائب کپتان رشبھ پنت 19 رنوں پر کھیل رہے تھے۔

***** ***** *****

سینٹرل ریزرو پولس فورس (CRPF) کے 148 پولس اہلکاروں کی تقسیمِ اسناد تقریب کا کل ناندیڑ ضلع کے مدکھیڑ میں انعقاد کیا گیا۔ بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے زیرِ تربیت پولس ملازمین کو اس موقع پر انعامات سے نوازا گیا۔

***** ***** *****

سرِ دست عالمی آبادی کا ہفتہ منایا جارہا ہے۔ اس موقع پر دھاراشیو میں عوامی بیداری کی مختلف سرگرمیوں کے ذریعے خاندانی منصوبہ بندی کے مختلف طریقوں کے بارے میں معلومات دی جائے گی۔ موصولہ خبر میں کہا گیا ہے کہ آبادی پر قابو پانے کیلئے معاشرے کے تمام طبقات کی فعال شرکت ضروری ہے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر ڈویژن میں آئندہ 30 ستمبر تک ’’ایک طالبِ علم‘ ایک درخت‘‘ نامی پہل پر عمل آوری کی جائیگی۔ ڈویژنل کمشنر جتندر پاپلکر نے یہ اطلاع دی۔ اس کے تحت محکمۂ جنگلات کی جانب سے پہلی تا بارہویں جماعتوں کے طلبہ سمیت سینئر کالج کے طلبہ کو مختلف اقسام کے پودے مفت فراہم کیے جائیں گے۔

***** ***** *****

مہاراشٹر نونرمان سینا نے کل لاتور ضلع کے رینا پور تعلقے کے پنگیشور خانگی شکر کارخانے کے روبرو کسانوں اور مزدوروں کے مختلف مسائل کی یکسوئی کیلئے احتجاج کیا۔ منسے کی جانب سے اس موقع پر مطالبات نہ مانے جانے کی صورت میں احتجاج میں شدت لانے کا انتباہ دیا گیا۔

***** ***** *****

اب موسم کا حال:

وسطی مہاراشٹر اور مراٹھواڑہ کے پہاڑی علاقوں میں آج بجلی کی چمک اور بادلوں کی گرج کے ساتھ بارش ہونے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ محکمۂ موسمیات نے ان علاقوں میں 30 تا 40 کلومیٹر فی گھنٹے کی رفتار سے ہوائیں چلنے کی بھی پیش گوئی کی ہے۔

وہیں چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع کے پیٹھن میں واقع جائیکواڑی ڈیم میں پانی کی سطح 72 فیصد تک پہنچ گئی ہے۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ ملک بھر میں آج 16 ویں روزگار میلے کا کیا جائے گا انعقاد؛ 51 ہزار سے زائد نوجوانوں میں وزیرِ اعظم کے ہاتھوں تقرری خطوط کیے جائیں گے تقسیم۔

☆ ریاست بھر میں تین ہزار 367 مذہبی مقامات سے ہٹائے گئے لاؤڈ اسپیکر؛ وزیرِ اعلیٰ نے لاؤڈ اسپیکر فری ممبئی کا کیا اعلان۔

☆ میونسپل کارپوریشن انتخابات کیلئے دیگر تیاریوں کے ساتھ EVM تیار رکھنے کی الیکشن کمشنر کی ہدایت۔

☆ منفرد عالمگیر قدر کے طور پر شیواجی مہاراج کے 12 قلعے یونیسکو کی فہرست میں شامل۔

اور۔۔۔☆ لارڈز میں کھیلے جا رہے ٹسٹ کرکٹ کی پہلی اننگ میں بھارت 242 رنوں سے پیچھے۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****